▭ أحکام القرآن للقرطبی : (۱۱۳/۲) سورة البقرة : ۱۲۵ ، ط: رشیدیه .

▭ تفسیر ابن کثیر : (۲۹۱/۱) سورة البقرة ، الآیة : ۱۲۵ ، ط: دار الکتب العلمیة .

(۱) فأمّا تقبیل الأحجار والقبور والجدار والستور ، وأیدی الظلمة الفسقة ، واستلام ذٰلک جمیعه ، فلایجوز ، ولوکانت أحجار الکعبة أو القبر الشریف وأجدار حجرته ، أو ستورهما ، أو صخرة بیت المقدس ، فإنّ التقبیل والإستلام ونحوهما تعظیم ، والتعظیم خاص باللّٰه تعالیٰ فلایجوز إلّا فیما أذن فیه . (غنیة الناسک : (ص: ۱۲۷) باب فی ماهیة الطواف وأنواعه ، فصل : مباحات الطواف ، تنبیه : لایشرع التقبیل الّا للحجر الأسود ، ط: إدارة القرآن)

▭ حاشیة الشلبی علی التبیین : (۱۵/۲) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: إمدادیة ملتان.

▭ حاشیة الطحطاوی علی المراقی : (ص: ۶۲۰ ، ۶۲۱) ، کتاب الصلاة ، باب أحکام الجنائز ، فصل : فی زیارة القبور ، ط: قدیمی .

(۲) (وختم الطواف باستلام الحجر استنانًا ثم صلی شفعًا) فی وقت مباح (یجب) ...... (بعد کل اسبوع عند المقام) حجارة ظهر فیها أثر قدمی الخلیل (أو غیره من المسجد ، وهل یتعین المسجد قولان ...... (قوله : عند المقام) عبارة اللباب خلف المقام ، قال : والمراد به مایصدق علی ذٰلک عادة ، وعرفا مع القرب ، وعن ابن عمر رضی اللّٰه عنهما أنّه إذا أراد أن یرکع خلف المقام جعل بینه و بین المقام صفًّا أو صفین أو رجلا أو رجلین ، رواه عبد الرزاق ، (قوله : قولان) ...... والمشهور فی عامة الکتب أن صلاتها فی المسجد أفضل من غیره ، وفی اللباب : ولاتختصّ بزمان ولا مکان ولا تفوت فلو ترکها لم تجبر یدم ، ولو صلاها خارج الحرم ولو بعد الرجوع إلی وطنه جاز ویکره ، ویستحب أدائها خلف المقام ، ثم فی الکعبة ، ثم فی الحجر تحت المیزاب ، ثم کل ماقرب من =

☆......مزید ''حجر اسود'' عنوان بھی دیکھ لیں۔(۲/ ۱۳۰)

مقامِ ابراہیم پر نماز ادا کرنا

☆......اگر جگہ ہے اور کسی کو تکلیف بھی نہ پہنچے تو طواف کے بعد مقامِ ابراہیم کے پاس طواف کی دو رکعت نماز پڑھنا افضل ہے، یا حطیم میں گنجائش ہو تو وہاں پڑھ لے، ورنہ ہجوم کی صورت میں کسی جگہ بھی پڑھ سکتا ہے، بلکہ سارے حرم شریف میں کہیں بھی پڑھ لے یا مسجد حرام سے باہر اپنی قیام گاہ میں پڑھ لے تب بھی جائز ہے۔(۱)

☆......اگر ہجوم کی وجہ سے مقامِ ابراہیم کے پاس نماز پڑھنے سے اپنے آپ کو یا کسی دوسرے کو ایذاء پہنچنے کا اندیشہ ہو تو مقامِ ابراہیم کے پاس نماز نہ پڑھے، بلکہ کسی اور جگہ پر پڑھے، کیونکہ کسی مسلمان کو تکلیف پہنچانا حرام ہے۔(۲)

= الحجر ، ثم باقی الحجر ثم ماقرب من البیت ، ثم المسجد ، ثم الحرم ، ثم لافضیلة بعد الحرم بل الإساءة . (الدر مع الرد : (۲/ ۴۹۸ ، ۴۹۹) کتاب الحج ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعید)

🗁 (قوله : وترک الإیذاء واجب) أی فلایترک الواجب لفعل السنة . (الشامی : (۲/ ۴۹۴) کتاب الحج ، مطلب فی دخول مکّة ، ط: سعید)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۱۸ ــ ۲۲۲) باب أنواع الأطوفة ...... فصل : فی رکعتی الطواف وأحکامها ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗁 غنیة الناسک : (۱۱۶ ، ۱۱۷) باب فی ماهیة الطواف وأنواعه ...... فضل : من الواجبات رکعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن .

(۱، ۲) (وختم الطواف باستلام الحجر استنانًا ثم صلی شفعًا) فی وقت مباح (یجب) ...... (بعد کل اسبوع عند المقام) حجارة ظهر فیها أثر قدمی الخلیل (أو غیره من المسجد ، وهل یتعین المسجد قولان ...... (قوله : عند المقام) عبارة اللباب خلف المقام ، قال : والمراد به مایصدق علی ذٰلک عادة ، وعرفا مع القرب ، وعن ابن عمر رضی اللّٰه عنهما أنّه إذا أراد أن یرکع خلف المقام جعل بینه و بین المقام صفًّا أو صفین أو رجلا أو رجلین ، رواه عبد الرزاق ، (قوله : قولان) ...... والمشهور فی عامة الکتب أن صلاتها فی المسجد أفضل من غیره ، وفی اللباب : ولاتختصّ بزمان ولا مکان ولا تفوت فلو ترکها لم تجبر یدم ، ولو صلاها خارج الحرم =

☆......طواف کے بعد دو رکعت مقامِ ابراہیم کے پاس پڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ مقامِ ابراہیم اور بیت اللہ شریف دونوں نمازی کے سامنے ہوں، اور مقامِ ابراہیم سے جتنا قریب ہو سکے، بہتر ہے، اور اگر کچھ فاصلہ بھی ہو تو بھی درست ہے، لوگوں کو تکلیف دے کر آگے پہنچنا جہالت اور گناہ ہے۔(۱)

= ولـو بـعـد الرجوع إلى وطنه جاز ويكره ، ويستحب أدائها خلف المقام ، ثم فى الكعبة ، ثم فى الـحـجـر تـحـت الـميزاب ، ثم كل ماقرب من الحجر ، ثم باقى الحجر ثم ماقرب من البيت ، ثم الـمسـجد ، ثم الحرم ، ثم لافضيلة بعد الحرم بل الإساءة . (الدر مع الرد : (۴۹۸/۲ ، ۴۹۹) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف القدوم ، ط: سعيد)

▭ (قـوله : وترک الإيذاء واجب) أى فلايترک الواجب لفعل السنة . (الشامى : (۴۹۴/۲) كتاب الحج ، مطلب فى دخول مكّة ، ط: سعيد)

▭ إرشـاد الـسـارى : (ص: ۲۱۸ ــ ۲۲۲) باب أنواع الأطوفة ...... فصل : فى ركعتى الطواف وأحكامها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ غـنية الـناسک : (۱۱۶ ، ۱۱۷) باب فى ماهية الطواف وأنواعه ...... فضل : من الواجبات ركعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن .

(۱) (وختـم الـطـواف باستلام الحجر استنانًا ثم صلى شفعًا) فى وقت مباح (يجب) ...... (بعد كل اسبـوع عند المقام) حجارة ظهر فيها أثر قدمى الخليل (أو غيره من المسجد ، وهل يتعين المسجد قـولان ...... (قـولـه : عـند المقام) عبارة اللباب خلف المقام ، قال : والمراد به مايصدق على ذٰلک عـادة ، وعرفا مع القرب ، وعن ابن عمر رضى اللّٰه عنهما أنّه إذا أراد أن يركع خلف المقام جعل بينه و بين المقام صفًّا أو صفين أو رجلا أو رجلين ، رواه عبد الرزاق ، (قوله : قولان) ...... والمشهور فى عـامة الـكتـب أن صلاتها فى المسجد أفضل من غيره ، وفى اللباب : ولاتختصّ بزمان ولا مكان ولا تـفـوت فـلـو تـركهـا لم تجبر يدم ، ولو صلاها خارج الحرم ولو بعد الرجوع إلى وطنه جاز ويكره ، ويستـحـب أدائهـا خـلف الـمقام ، ثم فى الكعبة ، ثم فى الحجر تحت الميزاب ، ثم كل ماقرب من الـحـجـر ، ثـم باقى الحجر ثم ماقرب من البيت ، ثم المسجد ، ثم الحرم ، ثم لافضيلة بعد الحرم بل الإساءة . (الدر مع الرد : (۴۹۸/۲ ، ۴۹۹) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف القدوم ، ط: سعيد)

▭ (قوله : وترک الإيذاء واجب) أى فلايترک الواجب لفعل السنة . (الشامى : (۴۹۴/۲) كتاب الحج ، مطلب فى دخول مكّة ، ط: سعيد)

▭ إرشـاد الـسـارى : (ص: ۲۱۸ ــ ۲۲۲) باب أنواع الأطوفة ...... فصل : فى ركعتى الطواف وأحكامها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة . =

☆ ......اگر طواف کے بعد دو رکعت نماز پڑھنے کے لئے مقامِ ابراہیم کے قریب جگہ مل جائے تو مختصر قرأت کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھ کر مختصر دعا کر کے جگہ چھوڑ دینی چاہیئے، تاکہ دوسروں کو تکلیف نہ ہو، یہاں لمبی دعاء یا زیادہ نوافل نہ پڑھیں۔(۱)

مقام کعبہ کی زمین

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کعبہ کی جگہ، زمین سے دو ہزار سال پہلے پیدا کی گئی اور اس وقت یہ جگہ پانی کے اوپر ایک چھوٹے سے ٹاپو کی طرح تھی، جس پر دو فرشتے ہر وقت اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتے رہتے تھے پھر اس کے بعد جب اللہ تعالیٰ نے زمین کو پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا تو اسی ٹاپو سے زمین کو اس طرح

= غنية الناسک : (۱۱۶، ۱۱۷) باب فی ماهية الطواف وأنواعه ...... فضل : من الواجبات ركعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن .

(۱) وهی واجبة بعد كل طواف فرضًا كان أو واجبًا أو سنةً أو نفلاً ولاتختصّ بزمان ولامكان ولاتفوت فلوتركها لم تجبر بدم ، ولو صلاها خارج الحرم ولو بعد الرجوع إلى وطنه جاز ويكره ، والسنّة الموالات بينها وبين الطواف وتستحبّ مؤكدًا أداؤها خلف المقام ، وأفضل الأماكن لأدائها خلف المقام ثم فی الكعبة ثم فی الحجر تحت الميزاب ثم كل ما قرب من الحجر إلى البيت ثم باقی الحجر ثم ما قرب من البيت ثم المسجد ثم الحرم ثم لافضيلة بعد الحرم بل الإساءة ، والمراد بماخلف المقام قيل : مايصدق على ذٰلک عادةً وعرفًا مع القرب وعن ابن عمر رضی اللّٰه عنهما : أنّه كان إذا أراد أن يركع خلف المقام جعل بينه وبين المقام صفًا أو صفين أو رجلاً أو رجلين ، رواه عبد الرزاق . ويستحب أن يقرأ فی الأولىٰ بسورة الكافرون وفی الثانية : الاخلاص ، ويستحب أن يدعو بعدها لنفسه ولمن أحب المسلمين ويدعو بدعاء آدم عليه السلام . (إرشاد الساری : (ص:۲۱۸ ــ ۲۲۲) باب أنواع الأطوفة ، فصل : فی ركعتی الطواف أوحكامها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۱۶ ، ۱۱۷) باب فی ماهية الطواف وأنواعه وأركانه وشرائطه وسائر أحكامه ، فصل : من الواجبات ركعتا الطواف ، ط: إرادة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/۴۹۸، ۴۹۹) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

پھیلایا کہ یہ ٹاپوزمین کے بیچ میں آگیا (یعنی اس کے چاروں طرف زمین پھیل گئی جبکہ اس سے پہلے صرف زمین کا ٹکرا تھا۔(۱)

مقروض کا حج کرنا

اگرکوئی شخص مقروض ہے اور اس پر حج فرض نہیں ہے تو رقم ملتے ہی قرض ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے ،قرض ادا کئے بغیر حج کے لئے جانا مناسب نہیں۔(۲)

میت کا قرض جب تک ادا نہ کیا جائے وہ محبوس رہتا ہے،اس لئے قرض ادا کرنے کا اہتمام کرنا سب سے زیادہ اہم ہے۔(۳)

---

(۱) قال : وعن أبی هريرة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه : " خلقت الكعبة أی موضعها قبل الأرض بألفی سنة ، كانت حشفة على الماء ، عليها ملكان يسبحان ، فلما أراد اللّٰه تعالیٰ أن يخلق الأرض دحاها منها ، فجعلها فی وسط الأرض " انتهٰی . (السيرة الحلبية : (۱/۲۶۵) قبيل باب ماجاء من أمر رسول اللّٰه ﷺ عن أخبار اليهود وعن الرهبان من النصارٰی ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) وكذا مديون لامال له يقضی ، فإنّه يكره له الخروج إلى الحج والغزو إلَّا بإذن الغريم فإن كان بالدين كفيل ، لايخرج إلَّا بإذنهما وإن بغير إذنهٖ فبإذن الطالب وحده (فتح) وفی الكبير : هٰذا فی الدين الحال أمّا فی المؤجل فله أن يسافر قبل حلول الأجل وإن بقی عنه شيئ قليل ، وليس للغريم منعه ، ولا أخذ الكفيل فی قولهم جميعًا ، كذا فی نفقات قاضيخان ، ولكن يستحب أن لايخرج حتی يؤكل من يقضی عنه عند حلوله وإن سافر معه الغريم فی ركبه وحل الأجل فی الطريق فللغريم منعه من السفر حتی يوفيه حقه ، ولو كان له مال فيه وفاء بالدين يقضی الدين أوّلاً وجوبًا إذا كان معجلاً وإن كان مؤجلاً فالأفضل أن يقضی الدين . (غنية الناسک : (ص: ۳۵) باب ماينبغی لمريد الحج من آداب سفرهٖ ، ط: إدارة القرآن)

🗀 البحر الرائق : (۲/۳۰۹) كتاب الحج ، ط: سعيد .

🗀 إرشاد الساری : (ص: ۹۱ ، ۹۲) باب شرائط الحج ، النوع الرابع : شرائط وقوع الحج عن الفرض وهی تسعة ، فصل : فی وجوب الحج على الفور ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۳) عن أبی هريرة عن النّبیّ ﷺ قال : نفس المؤمن معلقة بدينه حتی يقضی عنه ، (المستدرک للحاكم : (۲/۳۲) رقم الحديث : ۲۲۱۹ ، كتاب البيوع ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت)

🗀 جامع الترمذی : (۱/۲۰۶) أبواب الجنائز ، باب ماجاء عن النّبیّ ﷺ أنّه قال : نفس المؤمن معلّقة بدينه حتی يقضی عنه ، ط: سعيد .

1 مسند أحمد : (۲/۴۴۰) رقم الحديث : ۹۶۷۷ ، مسند أبی هريرة ، ط: دار إحياء التراث العربی .

مقروض کا عمرہ

مقروض آدمی کو چاہئے کہ سب سے پہلے اپنے قرض خواہوں کا قرض ادا کرے پھر اس کے بعد عمرہ کے لئے جائے، کیونکہ عمرہ کرنا سنت اور قرض ادا کرنا فرض ہے اور فرض سنت پر مقدم ہے۔(۱)

مکان

☆......اگر کسی کے پاس دو منزلہ مکان ہے اور وہ خود اپنے مکان میں اوپر رہتا ہے اور نیچے کا مکان ضرورت سے زائد ہے تو اس پر حج فرض نہیں ہوگا۔

☆......کسی کے پاس اتنا بڑا مکان ہے کہ اس کا تھوڑا سا حصہ رہنے کے لئے کافی ہے اور باقی حصہ کو بیچ کر حج کر سکتا ہے تو اس کا بیچنا واجب نہیں ہے، لیکن ایسی صورت میں باقی حصہ کو فروخت کر کے حج کرنا افضل ہے۔

☆......اگر کسی کے پاس اتنا بڑا مکان ہے کہ اس کو بیچ کر حج بھی کر سکتا ہے اور چھوٹا سا مکان بھی خرید سکتا ہے تو اس کا بیچنا ضروری نہیں ہے، تاہم ایسے آدمی کے

---

(۱) ویکره الخروج إلى الغزو والحج لمن عليه الدين وإن لم يكن عنده مال ، مالم يقض دينه إلاّ بإذن الغرماء . (الهندية : (۱/۲۲۱) كتاب المناسک ، الباب الأوّل : فی تفسیر الحج ...... ، ط: رشيديه)

☐ التاتارخانية : (۲/۴۳۸) كتاب المناسک ، الفصل الثالث : فی تعليم أعمال الحج ، ط: إدارة القرآن .

☐ غنية الناسک : (ص: ۳۴ ، ۳۵) باب ماينبغی لمريد الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن.

☐ والعمرة سنة مؤكّدة ...... (التاتارخانية : (۲/۵۲۵) كتاب المناسک ، الفصل الثامن ، فی بيان وقت الحج والعمرة ، ط: إدارة القرآن .

☐ إرشاد الساری : (ص: ۶۵۲) باب العمرة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

☐ الهندية : (۱/۲۳۷) كتاب المناسک ، الباب السادس فی العمرة ، ط: رشيديه .

☐ الفرض أفضل من النفل . (الأشباه والنظائر مع شرحه للحموی : (۱/۳۹۰) الفن الأوّل ، النوع الثّانی ، القاعدة الثالثة عشر ، ط: إدارة القرآن .

لئے حج کرنا افضل و بہتر ہے۔

☆......کسی کے پاس ضرورت سے زائد مکان ہے اور اس کی مالیت اتنی ہے کہ اس کو بیچ کر حج کرسکتا ہے تو اس کو حج کے لئے بیچنا واجب ہے۔(۱)

مکان بنائے یا حج کرے؟

☆......حج فرض ہونے کے بعد حج کرنا فرض ہے، مکان بنانا ضروری نہیں۔

☆......حج فرض ہونے کے بعد فوری طور پر حج کرنا واجب ہے، اگر گذشتہ سال یا اس سے پہلے کسی سال میں حج کے وقت اتنی رقم تھی جتنی رقم کا حکومت نے حج کے لئے اعلان کیا تھا تو اب اس رقم سے مکان بنانا یا خریدنا جائز نہیں بلکہ اس رقم سے حج کرنا ہی لازم ہے۔(۲)

---

(۱) ولو كان منزله كبيرًا يمكنه الاستغناء ببعضه والحج بالفاضل ، لايلزمه بيع الفاضل نعم هو الأفضل ، وكذا لايلزمه بيع الكل إذا يمكنه الاكتفاء بمنزل آخر دونه ، أو بسكنٰى الإجارة والعارية بالأولٰى ...... وإن كان له مسكن فاضل لايسكنه أو عبد لايستخدمه أو متا ع لايمتهنه ، أو كتب لايحتاج إلى استعمالها وهى من العلوم الشرعية ومايتبعها من الآلات العربية ، أو ثياب لايحتاج إلى لبسها ، أو أرض لايحتاج إلى غلتها ، أو كرم زائد على قدر التفكه بها أو حوانيت أو نحو ذٰلک ممالايحتاج إليها يجب بيعها إن كان به وفاء بالحج . (غنية الناسک : (ص: ۲۱) باب شرائط الحج ، فصل : شرائط الوجوب ، تنبيه : ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد السارى : (ص: ۶۰، ۶۱) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل ، شرائط الوجوب ، الشرط السادس : الاستطاعة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ البحر الرائق ، (۲/۳۱۳) كتاب الحج ، ط: سعيد .

(۲) (ومن له مال يبلغه) أى إلى مكّة ذهابًا وإيابًا (ولامسكن له ولاخادم) أى والحال أنّه ليس له مسكن يأوى إليه ولا عبد يخدمه ويكون حواليه وهو محتاج إلى كل منهما أو أحدهما (فليس له صرفه إليه) أى صرف المال إلى ماذكر من المسكن والخادم (إن حضر الوقت) أى وقت خروج اهل بلده للحج ، فإنّه تعين أداء النسک عليه ، فليس له أن يدفعه عنه إليه (بخلاف من له مسكن يسكنه لايلزمه بيعه)

والفرق بينهما ما فى البدائع و غيره عن أبى يوسف أنّه قال : إذا لم يكن له مسكن ولا =

☆......اور اگر حج کے وقت کسی سال حج کے لئے رقم جمع نہیں تھی بلکہ ہر سال حج کا وقت گزرنے کے بعد رقم جمع ہوئی یا ہمیشہ حج کے وقت سے پہلے ہی رقم جمع ہوئی اور حج سے پہلے ہی خرچ ہو گئی تو ان صورتوں میں اس رقم کو مکان میں لگا دینا جائز ہے۔(۱)

مکروہات کا حکم

مکروہات کا حکم یہ ہے کہ جس عمل میں کسی مستحب کو ترک کرے گا اس کے ثواب میں کمی آئے گی، اور سنت مؤکدہ کو ترک کرنے پر سختی اور ڈانٹ بھی ہوگی اور واجب کو ترک کرنے پر عذاب ہوگا (اگر شرائط کے مطابق توبہ نہ کی) اور جزاء میں دَم

= خادم وله مال يكفيه لقوت عياله من وقت ذهابهٖ إلى حين إيابهٖ ، وعنده دراهم تبلغه إلى الحج ، لاينبغي أن يجعل ذٰلک في غير الحج ، فإن فعل أثم ؛ لأنّه مستطيع بملک الدراهم، فلايعذر في الترک ، ولايتضرر بترک شراء المسكن والخادم ، بخلاف بيع المسكن والخادم فإنّه يتضرر ببيعها . (إرشاد الساری : (ص: ٦٠) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، السادس : الاستطاعة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ٢٠) باب شرائط الحج ، فصل : شرائط الوجوب ، السادس : الاستطاعة ، ط: إدارة القرآن .

☜ الدر مع الرد : (٢/٤٥٧) كتاب الحج ، مطلب : فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد .

(٣) (فإن ملكه) أي المال (قبل الوقت) أي قبل الأشهر أو قبل أن يتأهّب أهل بلده (فله صرفه) أي فهو في سعة من صرف المال (حيث شاء) من شراء مسكن و خادم وتزوج ونحو ذٰلک (ولا حج عليه) أي وجوبًا ؛ لأنّه لايلزمه التأهب في الحال (وإن ملكه فيه) أي في الوقت (فليس له صرفه إلى غير الحج فلو صرفه لم يسقط الوجوب عنه). (إرشاد الساری : (ص: ٦٧) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، الشرط السابع ، الوقت ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ٢٢) باب شرائط الحج ، فصل : شرائط الوجوب ، السابع : الوقت ، ط: إدارة القرآن .

☜ رد المحتار على الدر المختار : (٢/٤٥٧) كتاب الحج ، مطلب : فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد .

یا صدقہ دینا بھی لازم ہوگا، اور واجبات کے علاوہ مستحبات اور سنن ترک کرنے پر دَم یا صدقہ دینا لازم نہیں ہوگا۔(۱)

مکروہ اوقات میں طواف کرنا

مکروہ اوقات میں نماز پڑھنا مکروہ ہے، طواف کرنا مکروہ نہیں ہے، البتہ اقامت اور خطبہ کے دوران طواف کرنا مکروہ ہے۔(۲)

مکہ کے علاوہ دوسری جگہ جانے والے پر عمرہ لازم نہیں

''ملازمت کا سفر اور عمرہ'' عنوان دیکھیں۔(۱۴۱/۳)

---

(۱) (وحکمها) حکم المکروهات (دخول النقص) أی نقص الثواب (فی العمل) أی الّذی ترک فیه المستحب (وخوف العقاب) أی وتحقق العقاب فیما ترک فیه السنة المؤکدة، وتحقق العذاب فی ترک الإیجاب (وعدم الجزاء فیما عدا الواجب) أی وعدم لزوم الجزاء من الدم أو الصدقة فی ارتکاب شیئ من المکروهات، بخلاف ترک شیئ من الواجبات. (إرشاد الساری: (ص: ۱۰۸) باب فرائض الحج و واجباته و سننه ومستحباته ومکروهاته، فصل: فی مکروهات الحج، حکم المکروهات، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

□ غنیة الناسک: (ص: ۴۸) باب فرائض الحج و واجباته و سننه ومستحباته ومکروهاته، فصل: مکروهاته، ط: إدارة القرآن.

□ ثم الرکن لایجزئ عنه البدل ولایتخلص عنه الدم إلّا بإتیان عینه، والواجب یجزی عنه البدل إذا ترکه، ولو ترک السنن والآداب فلاشیئ علیه وقد أساء کذا فی شرح الطحاوی. (الفتاویٰ الهندیة، (۲۲۰/۱) کتاب المناسک، الباب الأوّل فی تفسیر الحج وفرضیته و وقته، وشرائطه وأرکانه و واجباته وسننه وآدابه ومحظوراته، ط: رشیدیه)

(۲) والطواف عند الخطبة مطلقًا ولو ساکتًا، وإقامة المکتوبة، فإن ابتداء الطواف حینئذٍ مکروه بلاشبهةٍ، وأمّا إذا کان یمکنه إتمام الواجب علیه، وإلحاقه بالصلاة وإدراک الجماعة، فالظاهر أنّه هو الأولیٰ من قطعه (شرح) ولا یکره فی الأوقات الّتی یکره فیه الصلاة. (غنیة الناسک: (ص: ۱۲۷) باب الطواف وأنواعه وأرکانه وشرائطه وأحکامه، فصل: مکروهاته، تنبیه، ط: إدارة القرآن)

□ إرشاد الساری: (ص: ۲۳۴) باب أنواع الأطوفة وأحکامها، فصل: فی مکروهات الطواف، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة.

□ الدر مع الرد: (۴۹۷/۲) کتاب الحج، مطلب: فی طواف القدوم، ط: سعید.

مکہ معظّمہ سے واپسی

☆ ......منیٰ سے مکہ معظّمہ واپس ہو کر جو حضرات فوراً وطن واپس جانا چاہتے ہیں یا مدینہ منورہ جانا چاہتے ہیں ان پر جانے سے پہلے طوافِ وداع کرنا واجب ہے، اگر بلا عذر چھوڑ دیا تو دَم لازم ہو جائے گا۔

☆ ......طوافِ زیارت کے بعد کیا گیا نفلی طواف بھی طوافِ وداع کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔

☆ ......اگر کوئی شخص طوافِ وداع کئے بغیر میقات سے باہر چلا جائے تو اس پر دَم واجب ہو جائے گا، اس دَم سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ دوبارہ عمرہ کا احرام باندھ کر حرم میں آئے اور پہلے عمرہ کرے پھر اس کے بعد طوافِ وداع کرے، صرف طوافِ وداع کے لئے میقات کے باہر سے عمرہ کے احرام کے بغیر آنا منع ہے۔

☆ ......جو عورت مکہ مکرمہ سے واپسی کے وقت حائضہ ہو اس کے لئے طوافِ وداع کے لئے رُکنا لازم نہیں، وہ طوافِ وداع کئے بغیر وطن لوٹ سکتی ہے۔(۱)

---

(۱) وهـو واجـب على الحاج الآفاقي ...... ولايجب على المعتمر ...... والحائض والنفساء ...... وأمّا وقتـه فأوّله بعد طواف الزيارة فلو طاف بعد الزيارة طوافًا يكون الصدر ولو في يوم النحر ولا آخر له ...... ويستـحـب بـلا إحـرام مالم يجاوز الميقات وإن جاوزه لم يجب الرجوع ويجب الدم وإن عاد فعـليه الإحرام لعمرة أو حج فإن رجع بدأ بطواف العمرة ثم بالصدر ولا شيئ عليه ، ويكون مسيئًا ، والأولىٰ أن لايرجع بعد المجاوزة و يبعث دما ؛ لأنّه أنفع للفقراء وأيسر عليه ، وإذا طهرت الحائض قبل أن تفارق بنيان مكّة يلزمها طواف الصدر وإن جاوزت أى جدران مكّة ثم طهرت لم يلزمها .... (إرشاد الساري : (ص: ۳۵۵ ــ ۳۵۷) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

الدر مع الرد : (۵۲۳/۲) كتاب الحج ، مطلب في طواف الصدر ، ط: سعيد .

البحر الرائق ، (۳۵۰/۲ ، ۳۵۱) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

الـفتـاوىٰ الهـنـدية ، ۲۳۴/۱ ، ۲۳۵) كتاب المناسك ، الباب الخامس في كيفية الحج ، ط: رشيديه .

☆ ...... مکہ معظّمہ سے واپسی کے وقت نہایت حزن وملال کا اظہار کریں، اور اللہ کے گھر کی جدائی پر گریہ وزاری کے ساتھ واپس ہوں۔(۱)

مکہ معظّمہ کا قیام

مکہ معظّمہ میں جتنا بھی قیام نصیب ہو، اُسے غنیمت سمجھنا چاہیئے اور زیادہ سے زیادہ طواف اور عمروں کا اہتمام کرنا چاہیئے، زندگی میں ایسا سنہری موقع بار بار نصیب نہیں ہوتا۔(۲)

مکہ معظّمہ میں قتل عام

ابو طاہر نے ''ہجر'' نامی شہر کو دار الحکومت بنانے کے بعد وہاں ایک نہایت

---

(۱) ویرجع و وجهه إلی البیت متباکیا متحسرًا علی فراقه حتی یخرج من أسفل المسجد، قیل: من باب العمرة، وقیل: ینصرف ویمشی ویلتفت إلی البیت کالمتحزن علی فراقه. (إرشاد الساری: (ص: ۳۵۹) باب طواف الصدر، فصل: فی صفة الطواف الوداع، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة)
▭ غنیة الناسک: (ص: ۱۹۳) باب طواف الصدر، فصل: فی صفة طواف الوداع ومایتبعه ممایودع به البیت، ط: إدارة القرآن.
▭ الفتاویٰ الهندیة، (۱/۲۳۵) کتاب المناسک، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج، ط: رشیدیه.

(۲) وإذا دخل مکّة فلیغتنم مرة مقامه بها ولیکثر من الطواف، وإذا مضت أیّام التشریق أتی بعمرة الإسلام أو بعمرة التطوع، ویستحب الإکثار منها: قال ﷺ: ''تابعوا بین الحج والعمرة فإنّهما ینفیان الفقر والذنوب کما ینفی الکیر خبث الحدید والذهب والفضة'' رواه الترمذی والنسائی.

وفی السراجیة: وإذا مضت أیّام التشریق فإنّهم یعتمرون ماشاء وا بنیة أنفسهم وآبائهم وإخوانهم اهـ. وینبغی أن لایخرج من مکّة حتی یختم القرآن فإن ذلک مستحب فی المساجد الثلاثة وفی مهبط الوحی آکد (شرح). (غنیة الناسک: (ص: ۱۸۹) باب رمی الجمار، فصل: قبیل طواف الصدر، ط: إدارة القرآن)
▭ مراقی الفلاح مع حاشیة الطحطاوی: (ص: ۷۳۰، ۷۳۱) کتاب الحج، ط: قدیمی.
▭ إرشاد الساری: (ص: ۲۵۷ ــ ۲۵۹) باب السعی بین الصفا والمروة، فصل: فإذا فرغ من السعی ......، ط: إدارة القرآن.

عالیشان مسجد تعمیر کرائی تھی، اس مسجد کا نام اس نے ''دار الہجرت'' رکھا، اب اس پر یہ شیطانی خیال سوار ہوا کہ لوگ کعبۃ اللہ شریف کا حج چھوڑ کر اس کے ''دار الہجرت'' کا حج کیا کریں، لیکن اس مقصد کے حاصل کرنے کی بظاہر کوئی صورت نظر نہیں آ رہی تھی، چنانچہ اس کی ترکیب اس نے یہ سوچی کہ حجر اسود کو مکہ معظّمہ سے منتقل کر کے ''دار الہجرت'' میں لگا دیا جائے، اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے وہ مکہ معظّمہ کی طرف روانہ ہوا، یہ سنہ ھجری تھا، اور اس سال منصور دیلمی بغداد سے لوگوں کو حج کرانے کے لئے آیا تھا، ۸/ ذوالحجہ کو ابو طاہر بہت بڑے لشکر کے ساتھ مکہ معظّمہ پہنچ گیا، اور ننگی تلوار لے کر مسجد حرام میں گھوڑے پر سوار ہو کر داخل ہوا اور آتے ہی مسجد حرام کی سخت بے حرمتی شروع کر دی، شراب پی، گھوڑے کے سامنے سیٹی بجائی تو اس نے مسجد میں پیشاب کر دیا، اس وقت بعض حاجی طواف کر رہے تھے، بعض نماز میں مصروف تھے، ابو طاہر کے ساتھ آنے والے قرمطی شیعوں نے اس کے کہنے پر حاجیوں کا قتل عام شروع کر دیا، مکہ مکرمہ شہر میں اور خاص مسجد الحرام میں ہر طرف حاجیوں کے خون کا دریا بہنے لگا، زمزم کا کنواں اور مکہ مکرمہ کے دوسرے بہت سے کنویں اور ندی نالے شہداء کی لاشوں سے بھر گئے، صرف بیت اللہ شریف میں سترہ سو طواف کرنے والے اور دیگر حاجیوں کو شہید کیا گیا اور شہداء کی تجہیز و تکفین بھی نہ کی گئی۔

مکہ کے امیر ابو محلب نے جب دیکھا کہ قرمطیوں کا ظلم و ستم کسی طرح نہیں رک رہا تو وہ مکہ کے چند معزّز لوگوں کا ایک وفد لے کر ابو طاہر کے پاس گیا، ابو طاہر نے سفارش کو قبول کرنے کے بجائے اپنی فوج کے ذریعے وفد کے تمام ارکان کو قتل کرا دیا۔

اسی قتل و غارت گری کے دوران ابو طاہر نے بیت اللہ شریف کا دروازہ اکھڑوا دیا، پھر میزاب رحمت (یعنی بیت اللہ شریف میں لگے ہوئے سونے کے پر نالے) کو اکھیڑنے کے لئے ایک آدمی کو کعبہ شریف کے اوپر چڑھایا، محمد بن ربیع بن

سلیمان کہتے ہیں: میں اس وقت تھوڑی دور کھڑا یہ منظر دیکھ رہا تھا، سخت صدمہ کی وجہ سے میری زبان سے بے ساختہ نکلا: **یا رب! ما أحلمک؟** (اے اللہ! آپ کی بردباری کی کوئی حد نہیں) جوں ہی میں نے یہ جملہ کہا وہ قرمطی منہ کے بل گر کر ہلاک ہو گیا، پھر ابو طاہر نے دوسرے آدمی کو اسی مقصد کے لئے اوپر چڑھنے کا کہا، وہ بھی گر کر ہلاک ہو گیا، پھر تیسرے آدمی کو کہا، لیکن خوف کی وجہ سے اسے اوپر چڑھنے کی جرأت نہ ہوئی۔ یہ دیکھ کر ابو طاہر وہاں سے ہٹ گیا، قرمطیوں نے بجائے عبرت لینے کے بیت اللہ شریف کا دروازہ توڑ ڈالا، ابو طاہر کے کہنے پر بیت اللہ شریف کے غلاف کو اتار کر ٹکرے ٹکرے کر کے لشکر میں تقسیم کر دیا، اور بیت اللہ شریف کے خزانے کو بھی لوٹ لیا۔(۱)

---

(۱) رجع إلی بلده هجر فابتنی بها دارا سماها دار الهجرة . (البداية والنهاية : ۱۲/۷۸) سنة ست و عشرين و ثلاثمائة ، ط: رشيديه)

☜ وفی سنة ست عشرة بنی القرامطه دارا سماها [دار الهجرة] . (تاريخ الخلفاء للسيوطی : (ص: ۳۸۲) ط: نور محمد كار خانه تجارت كتب)

☜ فيها خرج ركب العراق و أمير هم منصور الديلمی فوصلوا إلی مكة سالمين ، و توافت الركوب هناک من كل مكان وجانب و فج ، فما شعروا إلا بالقرامطی قد خرج عليهم فی جماعته يوم التروية ، فانتهب أموالهم واستباح قتالهم ، فقتل فی رحاب مكّة وشعابها وفی المسجد الحرام وفی جوف الكعبة من الحجاج خلقا كثيرًا ، وجلس أميرهم أبو طاهر لعنه اللّٰه علی باب الكعبة ، والرجال تصرع حوله ، والسيوف تعمل فی النّاس فی المسجد الحرام فی الشهر الحرام فی يوم التروية ، الّذی هو من أشرف الأيّام ، وهو يقول : أنا اللّٰه وباللّٰه أنا أنا أخلق الخلق وأفنيهم أنا .

فكان النّاس يفرون منهم فيتعلقون بأستار الكعبة فلايجدی ذٰلک عنهم شيئًا . بل يقتلون وهم كذٰلک ويطوفون فيقتلون فی الطواف ، وقد كان بعض أهل الحديث يومئذٍ يطوف ، فلما قضی طوافه أخذته السيوف ، فلما وجب أنشد وهو كذٰلک ، تری المحبين صرعٰی فی ديارهم ، كفتية الكهف لايدرون كم لبثوا فلما قضٰی القرمطی لعنه اللّٰه أمره و فعل ما فعل بالحجيج من الأفاعيل القبيحة ، أمر أن تدفن القتلٰی فی بئر زمزم ، ودفن كثيرًا منهم فی أماكنهم من الحرم ، وفی المسجد الحرم .

وياحبذا تلک القتلة و تلک الضجعة ، وذٰلک المدفن والمكان ، و مع هٰذا لم يغسلوا ولم يكفنوا ولم يصل عليهم لأنّهم محرمون شهداء فی نفس الأمر . =

= وهـدم قبة زمـزم وأمـر بقلع باب الكعبة ، ونزع كسوتها عنها ، وشققها بين أصحابه ، وأمر رجلا أن يصعد إلى ميزاب الكعبة فيقتلعه ، فسقط على أم رأسه فمات إلى النّار .

فعند ذٰلک انكف الخبيث عن الميزاب ، ثم أمر بأن يقلع الحجر الأسود فجاء ه رجل بضربه بمثقل فی يده و قال : أين الطير الأبابيل ، أين الحجارة من سجيل ؟ ثم قلع الحجر الأسود وأخـذوه حيـن راحـوا مـعهـم إلـى بـلادهم ، فمكث عندهم ثنتين و عشرين سنة حتٰى ردوه ، كما سنذكره فی سنة تسع و ثلاثين فإنا للّٰه وإنّا إليه راجعون .

ولـمـا رجـع الـقـرمـطـی إلـى بلاده ومعه الحجر الأسود وتبعه أمير مكة هو وأهل بيته وجـنـده وسـألـه وتشـفـع إليـه أن يرد الحجر الأسود ليضع فی مكانه ، وبذل له جميع ماعنده من الأمـوال فـلـم يلتفت إليه ، فقاتله أمير مكّة فقتله القرمطی وقتل أكثر أهل بيته ، وأهل مكّة وجنده واستمرّ ذاهبًا إلى بلاده ومعه الحجر وأموال الحجيج .

وقـد ألـحـد هٰـذا اللعين فی المسجد الحرام إلحادا لم يسبقه إليه أحدا ولايلحقه فيه ، وسيـجـاريـه عـلـىٰ ذٰلک الّـذی لايـعـذب عـذابـه أحـد ، ولايوثق وثاقه أحد . (البداية والنهاية : (۱۲/ ۸۲) سنة سبع عشر وثلاثمائة ، ط: رشيديه)

ـــــ وحج بالنّاس منصور الديلمی ، فدخلوا مكّة سالمين ، فوافاهم يوم التروية عدو اللّٰه أبو طاهر القرمطی فـقتل الحجاج قتلاً ذريعًا فی المسجد ، وفی فجاج مكّة ، وقتل أميرمكّة ابن محارب ، وقلع باب الكعبة ، واقتـلـع الـحـجر الأسود ، وأخذه إلى هجر ، وكان معه تسع مائة نفس ، فقتلوا فی المسجد الحرام ألفا و سبع مائة نسمة ، وصعد على باب البيت وصاح : " أنا باللّٰه وباللّٰه أنا ...... يخلق الخلق وأقتلهم أنا " .

وقيـل إنّ الّـذی قتـل بـفـجـا ج مـكّة وظـاهـرهـا ، زهـاء ثلاثين ألفا ، وسبی من النّساء والصبيان نحو ذٰلک ، وأقام بمكّة ستة أيّام ، ولم يحج أحد .

قـال مـحمد الأصبهانی : دخل قرمطی وهو سكران ، فصفر لفرسه ، فبال عند البيت ، وقتـل جماعة ، ثم ضرب الحجر الأسود بدبوس ، فكسر منه قطعة ثم قلعه ، وبقی الحجر الأسود بهـجـر نيـفـا و عشـريـن سـنة ، وقـد بسـطـت شـأنه فی التاريخ الكبير . (العبر فی خبر من غبر : (۱/ ۴۷۴) سـنة سبـع عشـرـة و ثـلاثـمـائة ، ط: دار الـكـتـب الـعلمية ، بيروت الطبعة الأولىٰ ، ۱۴۰۵ هـ ، ۱۹۸۵ م ، وكذا فی الكامل فی التاريخ لابن الأثی ر: ۷/ ۵۲ ، ۵۱) ط: دار الكتب العلمية ، بيروت ، الطبعة الأربعة : ۱۴۲۷ هـ ، ۲۰۰۶ م ، والمنتظم فی تاريخ الأمم والملوک : (۱۳/ ۳۸۲ ، ۳۸۱) ط: دار الكتب العلمية ، الطبعة الأولىٰ : ۱۴۱۲ هـ ، ۱۹۹۲ م)

وفی سنة سبع و ثلاثمائة حج بالنّاس منصور الديلمی ، ودخلوا مكّة سالمين ، فوافاهم يوم التروية عدو اللّٰه أبو طاهر القرمطی فقتل الحجاج قتلاً ذريعًا فی المسجد و فی فجاج مكّة =

= وقتل أمير مكّة ابن محارب ، وقلع باب الكعبة ، واقتلع الحجر الأسود وأخذه إلى هجر ، وكان معه تسعمائة نفس فقتلوا في المسجد ألفا و سبعمائة ، وصعد على باب البيت وصاح : " أنا بالله و بالله أنا ...... يخلق الخلق وأفنيهم أنا و قيل : إنّ الّذى قتل بفجاج مكّة وظاهرها زهاء ثلاثين ألفا و سبى من النّاس والصبيان نحو ذٰلک ، وأقام بمكّة ستة أيّام ولم يحج أحد . وقال محمد الأصبهاني : دخل قرمطى وهو سكران فصفر لفرسه فبال عند البيت ، وقتل جماعة ، وضرب الحجر الأسود بدبوس فكسر منه ، ثم قلعه و بقى الحجر الأسود نيفًا و عشرين سنة ، ودفع لهم فيه خمسون ألف دينار ، فأبوا هٰكذا ذكر الذهبى فى " العبر " . وذكر غيره : أنّه لما دخل مكّة فى هٰذه السنة سفک الدماء حتٰى سال بها الوادى ، ثمّ رمٰى بعض القتلىٰ فى زمزم وملأها منهم ، وأصعد رجلاً ليقلع الميزاب فتردى على رأسه و مات . ثم انصرف ومعه الحجر الأسود و علقه على الاسطوانة السابعة من جامع الكوفة ، يعتقد أنّ الحج ينتقل إليها ، واشتراه منه المطيع للّٰه أبو القاسم . وقيل : أبو العباس الفضل بن المقتدر بثلاثين ألف دينار ، وأعيد إلى مكانه سنة تسع و ثلاثين وثلاثمائة ، وبقى عندهم اثنين و عشرين سنة إلّا شهرًا . هٰكذا ذكر عز الدين بن جماعة .

أن المطيع اشتراه من أبى طاهر القرمطى وفيه نظر ؛ لأنّ أباطاهر مات قبل خلافة المطيع سنة اثنتين و ثلاثين و ثلاثمائة بهجر من جدرى هلكه فلارحم اللّٰه منه مغرز إبرة على ماذكره ابن الأثير وغيره . ولما أخذا القرمطى هلک تحته أربعون جملاً ولما حمل أعيد إلى مكانه حمل على قعود أعجف فسمن تحته ، قال المسبحى : كانت مدة كينونة الحجر الأسود عند القرمطى وأصحابه اثنين و عشرين سنة إلاً أربعة أيّام .

وفى كتاب السير من شرح الطحاوى لأبى بكر الرازى : استحقاق القتل لايزول عن القرامطة المتسمية بالباطنية لعنهم اللّٰه بزعمهم أنّهم مقرون بكلمة التوحيد والنبوة ؛ لأنّهم ينقضون ذٰلک للحال بقولهم : إن للشريعة باطنًا مرادًا غير ما نقلته الأمة ، وكذٰلک أشباههم من معاير الملحدين . انتهٰى . (تاريخ مكة المشرفة والمسجد الحرام والمدينة الشريفة والقبر الشريف : ١/١٧٧ ، ١٧٨) ط: دار الكتب العلمية ، بيروت لبنان)

وفى هٰذه السنة دخل أبو طاهر بن أبى سعيد القرمطى مكّة بعسكر يوم التروية والنّاس حول الكعبة مابين مصل و طائف و مشاهد ، فدخل المسجد الحرام بفرسه وركض بسيفه وهو سكران و وضع هو وجماعته السيف و قتلوا فى المطاف ألفا و سبعمائة ورموا بهم فى بئر زمزم و قتلوا خارج المسجد أكثر من ثلاثين ألفا وملؤا بهم الآبار والحفر ونهبوا الديار و سبوا الصغار وأخذوا خزانة الكعبة وما فيها من القناديل والكسوة والباب و قسم ذٰلک بين أصحابه وطلع على الباب وأنشد : =

= أنــا بــالـلّٰــه وبــالـلّٰــه أنــا يــخـلـق الـخـلـق و أفـنيهـم أنــا
ولـم يسـلـم الأمـن أختـفـى فى الجبال ولم يقف بعرفة ذٰلک العام إلّا قليل وأمر بقلع الـميـزاب فـطلع الكعبة رجل فأصيب بسهم من أبى قبيس فخر ميتا وطلع آخر فسقط ميتا فهابوا فقال أبو طاهر اتركوه فلم يظفر به ؛ لأنّ سدنته غيبوه فى بعض الشعاب و صار بزندقته يقول :

فلو كان هٰذا البيت للّٰه ربّنا لـصـب عـليـنـا الـنّـار من فوقنـا صبـا
لأنّا حججنا حجة جاهلية مـجـلـلة لـم تبـق شـرقـا ولا غـربـا
وأنا تركنا بين زمزم والصفا جـنـائـز لاتبغـى سـوى ربهـا ربـا

ويـقـال أنّ عسـكـره سبعـمـائة نـفـس فلم يطق أحد رده خذلانا من اللّٰه تعالىٰ وحمل الـحـجـر الأسـود مـعـه يريد أن يحج البيت إلى بيت بناه فى هجر و خطب لعبد اللّٰه المهدى أوّل الـخـلـفـاء الـعبيـديـيـن الـفاطميين وكان أوّل ظهوره وكتب بذٰلک إلى عبد اللّٰه فكتب جوابه أن أعـجـب الـعجب أرسالک بكتبک إلينا ممتنا بما ارتكبت فى بلد اللّٰه الأمين من انتهاک حرمة بيـت الـلّٰـه الـحـرام الّـذى لـم يـزل محترما فى الجاهلية والإسلام وسفكت فيها دماء المسلمين وفتـكـت بـالـحـجاج والمعتمرين وتجرأت على بيت اللّٰه تعالىٰ وقلعت الحجر الأسود الّذى هو يـمـيـن الـلّٰـه فـى أرضـه يـصـافح به عباده وحملته إلى منزلک ورجوت أن أشكرک على ذٰلک فـلـعـنـک الـلّٰـه ثـم لعنک اللّٰه والسلام على من سلم المسلمين من لسانه ويده و قدم فى يومه ما ينجو به فى غده فلما وصل إلى القرمطى انحرف عن طاعته وبعد عود القرمطى إلى هجر رماه اللّٰه فـى جسده بداء حتّٰى تقطعت أوصاله وتناثر الدود من لحمه و طال عذابه واستمرّ الحجر عندهم نـحـو عشـريـن سـنة طـعـمًـا أن يتـحوّل الحج إلى بلدهم وبذل لهم يحكم التركى مدبر الخلافة خـمسيـن ألف ديـنار فى رد الحجر فأبوا وكذٰلک أرسل المنصور بن القائم بن المهدى العبيدى إلـى أحـمـد بـن سـعيـد أخى طاهر بخمسين ألف دينار ليرده فلم يفعل ، ولما أيست القرامطة من تـحـويـل الـحـج إلى بلدهم ردوه وحملوه على جمل هزيل فسمن ولما ذهبوا به إلى بلدهم مات تـحـتـه أربـعـون جـمـلا وقالوا: أخذناه بأمر ورددناه بأمر. (خلاصة الأثر فى أعيان القرن الحادى عشر: (۱/ ۷٦ ، ۷۷) ط: مكتبه خياط ، شارع بلس ، بيروت ، لبنان)

🗁 بـقـى الـحـجـر الأسـود عـنـدهـم نيفا و عشرين سنة . ويقال : هلک تحته إلى هجر أربعون جـمـلا، فـلـمـا أعيـد كـان عـلى قعود ضعيف ، فسمن . (سير أعلام النبلاء : (۱۵ / ۳۲۱) رقم الترجمة : ۱۵۹ ۔ القرامطى ۔ ، ط: مؤسسة الرسالة بيروت ، الطبعة الثانية : ۱۴۰۴ ھ / ۱۹۸۴ م)

1 تاريخ الخلفاء للسيوطى : (ص: ۳۸۳) ط: نور محمد كارخانه تجارت كتب ، كراتشى .

مکہ مکرمہ

☆......''مکہ مکرمہ'' اسلامی شان وشوکت اور سطوت کا مظہر ہے، اور اللہ کا پہلا گھر ''کعبہ'' اس کے جاہ وجلال اور فضل وکرم کا مرکز ہے، نماز کے وقت تمام دنیا کے مسلمان کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرتے ہیں، پوری دنیا میں یہی وہ جگہ ہے جہاں لاکھوں مسلمان حج کے لئے ہر سال جمع ہوتے ہیں، مکہ شہر کو قرآن کریم میں ''ام القریٰ'' کہا گیا ہے۔(۱)

مکہ مکرمہ سے واپس آنے کے وقت

''طوافِ وداع'' عنوان دیکھیں۔(۱۳۳/۳)

مکہ مکرمہ کو مستقل وطن نہ بنانے والے کا حج

میقات سے باہر رہنے والے جن لوگوں نے مکہ مکرمہ کو ہمیشہ کے لئے مستقل

---

(۳) قال اللّٰہ تعالیٰ : ﴿ إنّ أوّل بیت وضع للنّاس للّذی ببکّة مبارکًا وھدًی للعالمین ﴾ . إنّ أوّل بیت وضع للنّاس ھو الکعبة لا بیت المقدس وأنّه جعله مبارکا یدوم بدوام الدنیا والبرکة لاتفارقه ، فکل من یلتمسھا بزیارته وحجه والطواف به یجدھا ویحظی بھا ، کما جعله ھدی للعالمین ، فالمؤمنون یأتون حجاجًا و عمارًا فتحصل لھم بذٰلک أنواع من الھدایة والمصلون فی مشارق الأرض ومغاربھا یستقبلون فی صلوٰتھم ، وفی ذٰلک من الھدایة للحصول علی الثواب وذکر اللّٰه والتقرب إلیه أکبر ھدایة . (أیسر التفاسیر للجزائری : (۱/۱۹۱) سورة آل عمران ، تحت الآیة : ۹۶ ، ط: مکتبة العلوم والحکم)

▭ ﴿ وھٰذا کتاب أنزلناہ مبارک مصدق الّذی بین یدیه ولتنذر أمّ القریٰ ومن حولھا والّذین یؤمنون بالآخرة یؤمنون به وھم علی صلوٰتھم یحافظون ﴾ . [سورة الانعام ، الآیة : ۹۲) وإنّما سمیت مکّة بذٰلک لأنّھا قبلة أھل القریٰ ومحجھم ومجتمعھم وأعظم القریٰ شأنًا وقیل : لأنّ الأرض دحیت من تحتھا أو لأنّھا مکان أوّل بیت وضع للنّاس . (تفسیر البیضاوی : (۲/۴۳۰) سورة الانعام تحت الآیة : ۹۲ ، ط: دار الفکر بیروت)

▭ تفسیر الکشاف : (۲/۴۳) سورة الانعام ، تحت الآیة : ۹۲ ، ط: قدیمی .

وطن نہیں بنایا، بلکہ ملازمت یا کسی کام کی وجہ سے مکہ مکرمہ میں رہتے ہیں، ایسے لوگ سعودی عرب سے باہر جانے کے بعد واپسی پر حج تمتع کر سکتے ہیں (ایسے لوگوں کا حکم مکہ مکرمہ میں مستقل رہنے والوں کا نہیں ہے) اور مستقل مکہ مکرمہ میں رہنے والے لوگ حج افراد کر سکتے ہیں، حج تمتع نہیں کر سکتے۔(۱)

مکہ مکرمہ میں داخلہ

مکہ مکرمہ میں ادب اور انکساری کے ساتھ داخل ہونا چاہیئے، یہاں عاشقانہ انداز میں آنے کی ضرورت ہے، برہنہ سر، کفن بردوش، پریشان حال آنا چاہیئے، یہی مکہ کے آداب ہیں، اپنے دینی ودنیوی مقاصد کے لئے دعا کرتے ہوئے اور اپنے گناہوں کی معافی کے لئے استغفار کرتے ہوئے آنا چاہیئے، اور دل میں یہ سمجھے کہ ایک گناہوں میں گرفتار قیدی ہے جو گناہ معاف کرنے والے بادشاہ کے سامنے پیش ہو رہا ہے۔(۲)

---

(۱) الحادی عشر أن یکون من أهل الآفاق والآفاقی کل ما داره خارج المیقات فلاتمتع لأهله ولا لأهل داخله (والعبرة للتوطن ، فلو استوطن المکی فی المدینة مثلاً فهو آفاقی ولو استوطن الآفاقی بمکّة) کالمدنی وغیره (فهو مکی) إلّا أنّه تقدّم أن المتمتع الآفاقی إنّما یصیر مکیا إذا اعتمر فی الأشهر ثم استوطن بها وأنّه لایضره الإقامة وإن کانت شهرین . (إرشاد الساری : (ص: ۳۸۴) باب التمتّع ، فصل : فی شرائط التمتّع وهی احد عشر الحادی عشر أنی کون آفاقیًا ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۲۱۲) باب التمتّع ، فصل فی ماهیة التمتّع وشرائطه ، ط: إدارة القرآن.

الشامیة : (۵۳۶/۲) کتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعید .

(۲) وإذا أحرم من المیقات وتوجّه إلی مکّة وإذا وصل أوّل حد الحرم یستحب أن یستحضر الخشوع والحضور فی قلبه وجسده ما أمکنه ، وأن یدخله راجلاً حافیًا حاسرًا رأسه ولو ساعة إن کان به عذر ، قال ابن عباس رضی اللّٰه عنهما : کانت الأنبیاء یدخلون الحرم مشاة حفاة ویطوفون بالبیت ویقضون المناسک مشاة حفاة ، رواه ابن ماجه . وأن یلازم الدعاء والاستغفار . (غنیة الناسک : (ص: ۹۵) باب دخول مکّة وحرمها زادها اللّٰه تعالیٰ تشریفًا وتعظیمًا ط: إدارة القرآن)

وإذا وصل المحرم أوّل الحرم فعلیه بالسکینة والوقار والدعاء بقضاء الأوتار والإکثار من =

مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے لئے......

☆......میقات سے باہر رہنے والے لوگوں کے لئے مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کے لئے جس جگہ بھی میقاتوں میں سے کسی میقات کی محاذات آئے گی، اس محاذات کے اندر داخل ہونے سے پہلے پہلے حج یا عمرہ کا احرام باندھنا واجب ہوگا۔(۱) ورنہ دَم لازم آئے گا، ہاں اگر واپس میقات آکر احرام باندھ لے گا تو دَم ساقط ہوجائے گا۔(۲)

☆......یہ مواقیت ان تمام لوگوں کے لئے ہیں جو میقات کی حدود سے باہر پوری دنیا میں کہیں بھی رہتے ہوں۔(۳)

= الاستغفار لحط الأوزار ، والأفضل أن يدخله حافيا راجلاً حاسرا كمسجون يعرض على الملك الغفار . (إرشاد الساری : (ص: ١٧٧) باب دخول مكّة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

الدر مع الرد : (٢/٢٩٢) كتاب الحج ، باب الإحرام ، مطلب فی دخول مكّة ، ط: سعيد .

(١) وحكمها : وجوب الإحرام منها لأحد النسكين وتحريم تأخيره عنها لمن أراد دخول مكّة أو الحرم وإن كان لقصد التجارة أو غيرها ولم يرد نسكًا ولزوم الدم بالتأخير و وجوب أحد النسكين وأعيان هٰذه ليست بشرطٍ بل الواجب عينها أو حذوها ، فمن سلک غير ميقات برًا أو بحرًا اجتهد وأحرم إذا حاذى ميقاتا منها ومن حذو الأبعد أولىٰ . (إرشاد الساری : (ص: ١١٣) باب المواقيت ، فصل : فی مواقيت أهل الآفاق ، أحكام مواقيت أهل الآفاق ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ٦٢) باب مجاوزة الميقات بغير إحرام ، مطلب : فی دخول الآفاقی بغير إحرام ، ط: إدارة القرآن .

الفتاویٰ الهندية : (١/٢٢١) كتاب المناسک ، الباب الثانی فی المواقيت ، ط: رشيديه .

(٢) (ولو ترک وقته) أی ميقاته الّذی جاوزه (وأحرم من آخر) أی من ميقات آخر ولو أقرب من الأوّل الّا أن الأوّل هو الأفضل (سقط عنه الدم) أی ولا يشترط فی سقوط الدم عنه أنّه يعود إلى ميقاته الّذی تجاوز عنه بخصوصه ، (إرشاد الساری : (ص: ١١٤) باب المواقيت ، فصل : فی مواقيت أهل الآفاق ، أحكام مواقيت أهل الآفاق ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

الفتاویٰ الهندية : (١/٢٢١) كتاب المناسک ، الباب الثانی فی المواقيت ، ط: رشيديه .

الدر مع الرد : (٢/٤٧٦) كتاب الحج ، مطلب : فی المواقيت ، ط: سعيد .

(٣) (وهن) أی هٰذه المواقيت (لهن) أی لأهلهنّ كما فی نسخة ، والمعنى لأهل الأماكن المذكورة المختصة لهٰذه المواقيت (ولمن أتىٰ عليهنّ) أی على هٰذه المواقيت (من غير أهلهنّ) =

مکہ مکرمہ میں مکتب کے سامنے

مکہ مکرمہ کی حدود میں بس داخل ہونے کے بعد سب سے پہلے معلم کے دفتر یعنی ''مکتب نمبر فلاں'' کے سامنے کھڑی ہوگی، تو حجاج کرام بس سے باہر نہ نکلیں بلکہ اپنی اپنی سیٹوں پر بیٹھے رہیں، اور کچھ لوگ بس میں آ کر آپ سے کچھ پوچھیں گے تو آپ اس کا صحیح جواب دیں، اور کھانے پینے کے لئے کھجور، بسکٹ، فروٹ اور مختلف قسم کے جوس وغیرہ پیش کریں گے تو آپ وہ چیزیں لے کر کھا سکتے ہیں۔

☆...... بس میں آپ کو معلم کی طرف سے ایک پٹکا دیا جائے گا، جس میں آپ کے معلم کا نام، مکتب نمبر اور پتہ درج ہوگا، اور بلڈنگ نمبر لکھا ہوگا اس کو آپ اپنے ہاتھ میں باندھ لیں خاص طور پر مستورات کو بھی پہنا دیں، اللہ نہ کرے گُم ہونے کی صورت میں ، راستہ یا بلڈنگ بھول جانے کی صورت میں یہ پٹکا بہت کام آتا ہے، اس کو دکھا کر آپ اپنی رہائش گاہ یا مکتب تک آسانی سے پہنچ سکتے ہیں۔

☆...... جب آپ کی بس رہائشی بلڈنگ تک پہنچ جائے تو اتر کر سب سے پہلے اپنے سامان کو بس سے اتار کر چیک کر لیں ورنہ معمولی غفلت کی صورت میں سامان گم ہو جانے کا خطرہ ہوتا ہے، اگر سامان گم ہو گیا تو پھر ملنا مشکل ہوگا۔

☆...... اس کے بعد بلڈنگ کے اپنے مقررہ کمرے میں منتقل ہو جائیں، جھگڑا فساد سے دور رہیں۔

☆...... جو لوگ پرائیوٹ حج گروپ کے بغیر کسی اور طریقہ سے جا رہے ہیں

= أى من غير أصحاب هٰذه المواقيت من المواضع المذكورة . (إرشاد السارى : (ص: ۱۱۲) باب المواقيت ، فصل : فى مواقيت أهل الآفاق ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 الدر مع الرد : (۴۷۵/۲) كتاب الحج ، مطلب فى المواقيت ، ط: سعيد .

🗀 البحر الرائق : (۳۱۷/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

وہ ''مکتب'' میں پہنچ کر اپنی رہائش کا خود انتظام کریں، اگر کسی واقف کار یا رشتہ دار کے پاس ٹھہرنا ہے تو اس کی کاروائی مکمل کریں۔

☆ ...... مکہ مکرمہ پہنچنے کے بعد ایک دو روز میں ''مکتب'' کی طرف سے ایک فوٹو والا کارڈ ہر حاجی کو دیا جاتا ہے یہ کارڈ دراصل آپ کے پاسپورٹ کی جگہ ہے ، جس میں مکتب اور رہائش وغیرہ کی تمام تفصیلات درج ہوتی ہیں، مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں ہر وقت اس کارڈ کو اپنے ساتھ رکھنا چاہیئے ، یہ بہت قیمتی اور ضروری چیز ہے اگر اس کارڈ کے لئے آپ سے تصویر مانگیں تو ایک تصویر نام لکھ کر دیدیں۔

☆ ...... اسی طرح منیٰ جانے سے چند روز پہلے اور عرفات کے جائے قیام وغیرہ کے بارے میں خیمہ نمبر کے ساتھ ایک کارڈ مکتب کی طرف سے دیا جاتا ہے اُسے لینا نہ بھولیں اور حج کے سفر میں اس کارڈ کو ہر وقت اپنے پاس رکھیں ورنہ منیٰ میں جانے کے بعد خیمہ تلاش کرنا مشکل ہو جائے گا کیونکہ ہر خیمہ اور ہر گلی ایک جیسی ہے۔

مکہ مکرمہ میں ملازم واپسی میں تمتع کرسکتا ہے

''مکہ مکرمہ کو مستقل وطن نہ بنانے والے کا حج'' عنوان دیکھیں۔ (۱۲۶/۴)

مکہ مکرمہ میں نماز پڑھتے وقت

مکہ مکرمہ میں نماز پڑھتے وقت اس کا ضرور دھیان رکھا جائے کہ نمازی کا رُخ کعبہ مشرفہ کی طرف اسطرح رہے کہ نمازی کے چہرے سے سیدھی لکیر کھینچی جائے تو وہ بیت اللہ شریف کے کسی حصہ سے گزر کر آگے جائے ، اس کی علامت کے طور پر پوری مسجد حرام میں پتھر کی پٹیاں ترتیب سے لگائی گئی ہیں ان کا خیال کر کے نماز میں کھڑے ہوں ، بہت سے حضرات اس سلسلہ میں کوتاہی کرتے ہیں اور جدھر موقع ملے کھڑے ہو کر نماز پڑھ لیتے ہیں یہ صحیح نہیں ہے، مسجد حرام کے اندر عین کعبہ کی

طرف رُخ کرنا ضروری ہے، ورنہ نماز صحیح نہ ہوگی، البتہ مسجد حرام کے باہر عین کعبہ کی طرف رُخ کرنا ضروری نہیں بلکہ مسجد کی طرف رُخ کرنا کافی ہوتا ہے، اور دور دراز علاقوں کے لئے مسجد حرام کی بھی شرط نہیں بلکہ صرف جہت کافی ہے۔(۱)

مکہ میں آیا ہوا شخص حج کا احرام کہاں سے باندھے؟

☆......اگر کوئی شخص کسی کام سے، یا ڈیوٹی پر یا کسی رشتہ دار سے ملنے یا مریض کی عیادت کے لئے یا تجارت وغیرہ کی غرض سے مکہ مکرمہ آیا ہوا ہے اور حج کا وقت آ گیا اور اُس نے حج کرنے کا ارادہ کرلیا تو وہ اپنی جائے اقامت سے حج کا احرام باندھ سکتا ہے۔

☆......جو شخص مکہ مکرمہ پہنچ کر عمرہ کر کے حلال ہونے کے بعد کچھ دن کے

---

(۱) (فللمكى) وكذا المدنى لثبوت قبلتها بالوحى (اصابة عينها) يعم المعاين و غيره لكن فى البحر أنّه ضعيف ، والأصحّ أن من بينه و بينها حائل كالغائب وأقرّه المصنف قايلاً : والمراد بقوله (فللمكى) مكى يعاين الكعبة (ولغيره) أى : غير معاينها (إصابة جهتها) بأن يبقى شيئ من سطح الوجه مسامتا للكعبة أو لهوائها .

وفى الرد : (قوله : وأقرّه المصنف) أى فى المنح ، لكن قال فى شرحهٖ على زاد الفقير : إطلاق المتون والشروح والفتاوىٰ يدلّ على أنّ المذهب الراجح عدم الفرق بين ما إذا كان بينهما حائل أو لا اهـ . وفى الفتح : وعندى فى جواز التحرى مع إمكان صعوده إشكال ؛ لأنّ المصير إلى الدليل الظنى ، وترك القاطع مع إمكانهٖ لايجوز . وقد قال فى الهداية : الاستخبار فوق التحرى فإذا امتنع المصير إلى ظنى لامكان ظنى أقوىٰ منه فكيف يترك اليقين مع الظن . (الدر مع الرد : (۱۳۴/۲ ، ۱۳۵) كتاب الصلاة ، مبحث فى استقبال القبلة ، ط: رشيديه)

▭ اتفقوا على أنّ القبلة فى حق من كان بمكّة عين الكعبة فيلزمه التوجه إلى عينها ...... ولا فرق بين أن يكون بينه و بينها حائل من جدار أو لم يكن ...... ومن كا خارجًا عن مكّة فقبلته جهة الكعبة .... (الهندية : (۶۳/۱) كتاب الصلاة ، الباب الثالث : فى شروط الصلاة ، الفصل الثالث : فى استقبال القبلة ، ط: رشيديه)

▭ بدائع الصنائع : (۳۰۸/۱) كتاب الصلاة ، فصل فى شرائط الأركان ، ط: رشيديه .

لئے وہاں رہتا ہے وہ مکہ والوں کے حکم میں ہوتا ہے، اس کی میقات حج کے لئے حرم شریف کی حدود کے اندر اور عمرہ کے لئے حرم شریف کی حدود سے باہر ہے، اور مسجد عائشہ سے عمرہ کا احرام باندھنا افضل ہے۔(۱)

مکہ میں آیا ہوا شخص عمرہ کا احرام کہاں سے باندھے؟

☆ ......اگر کوئی شخص کسی بھی کام یا غرض سے مکہ مکرمہ آیا ہوا ہے، اور وہ عمرہ کرنا چاہتا ہے تو اُسے حرم کی حدود سے نکل کر تنعیم میں مسجد عائشہ یا جعرانہ یا حدود حرم سے باہر کسی اور جگہ سے احرام باندھ کر آنا ہوگا، حرم کے اندر احرام باندھنا صحیح نہیں ہوگا۔(۲)

☆ ......جو شخص مکہ مکرمہ پہنچنے کے بعد عمرہ کر کے حلال ہو کر کچھ دن کے لئے بھی وہاں رہتا ہے، وہ مکہ والوں کے حکم میں ہوتا ہے، اس لئے اس کی میقات مکہ والوں کی میقات کی طرح ہوتی ہے یعنی حج کے لئے حرم شریف کی حدود اور عمرہ کے لئے حرم شریف سے باہر مسجد عائشہ یا جعرانہ وغیرہ میں جا کر عمرہ کا احرام باندھے، اور مسجد عائشہ سے عمرہ کا احرام باندھنا افضل ہے۔(۳)

(۱،۲،۳) وأمّا ميقات أهل الحرم والمراد به كل من كان داخل الحرم ، سواء كان أهله أو لا ، مقيما به أو مسافرًا ، فالحرم للحج فيحرمون من دورهم ومن المسجد أفضل ، وجاز تأخيره إلى آخر الحرم (طوالع) والحل للعمرة ، والأفضل إحرامها من التنعيم من معتمر عائشة رضى اللّٰه عنها ...... وقد يتغير الميقات بتغيير الحال ...... وكذا الآفاقى أو البستانى إذا دخل مكّة أو الحرم فهو وقته للحج والحل للعمرة كل ذٰلک إذا دخله أو خرج إليه لحاجة وإن لم ينو الإقامة به فإن قصده لالحاجة ، بل للإحرام منه تاركًا وقته عمدًا لايكون من أهل ما خرج إليه لحاجةٍ أو دخل فيه فعليه العود إلى وقته والإحرام منه . (غنية الناسک : (ص: ۵۸) باب المواقيت ، فصل : وأمّا ميقات أهل الحرم ، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۱۱۷ ، ۱۱۸) باب المواقيت ، فصل : فى ميقات أهل الحرم ، ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 الدر مع الرد : (۳/ ۵۵۴) كتاب الحج ، مطلب : فى المواقيت ، ط: رشيديه .

مکہ میں قصداً داخل ہوا

مکہ مکرمہ میں قصداً داخل ہونے کی صورت میں میقات سے احرام باندھ کر داخل ہونا لازم ہے۔(۱)

مکہ والا آفاق سے واپسی پر کون سا حج کرسکتا ہے؟

☆......جن لوگوں کا وطن اصلی حرم یا حل میں ہے، اگر وہ لوگ کسی وجہ سے حج کے مہینے شروع ہونے سے پہلے میقات سے باہر جائیں گے(مثلاً مدینہ منورہ یا دوسرے کسی ملک) تو واپسی پر حج افراد یا قران کر سکتے ہیں، حج تمتع نہیں کر سکتے ،اور اگر حج کے مہینے شروع ہونے کے بعد میقات سے باہر جائیں گے تو واپسی پر صرف افراد کر سکتے ہیں، قران اور تمتع نہیں کر سکتے۔(۲)

---

(۱) وحرم تأخير الإحرام عنها كلها لمن أى لآفاقى قصد دخول مكّة يعنى الحرم ولولحاجة غير الحج . (الدر المختار : (۲/۴۷۷) كتاب الحج ، مطلب : فى المواقيت ، ط: سعيد)

🗀 الهندية : (۱/۲۲۱) كتاب المناسک ، الباب الثانى : فى المواقيت ، ط: رشيديه .

🗀 التاتارخانية : (۲/۴۷۵) كتاب المناسک ، الفصل الرابع : فى بيان مواقيت الإحرام ومايلزم مجاوزتها بغير إحرام ، ط: إدارة القرآن .

(۲) ولو خرج المكى إلى الكوفة لحاجة وقرن صح قرانه مسنونًا ؛ لأنّ عمرته وحجته ميقاتان فصار بمنزلة الآفاقى والإلمام لايبطل القرآن ، هكذا أطلق صاحب الهداية والمبسوط والكافى والمجمع وغيرهم ، وقيد الإمام المحبوبى فى " الجامع الصغير " ومشى عليه فى اللباب بأنّ المكى إنّما يصحّ قرانه إذا خرج إلى الآفاق قبل أشهر الحج ، فأمّا إذا دخل عليه أشهر الحج وهو بمكّة صار ممنوعًا من القران شرعًا فلايتغير ذلک بخروجه من الميقات ، هكذا روى عن محمد ...... أمّا لوخرج المكى إلى الكوفة لحاجة فى أشهر الحج أو قبلها واعتمر فى أشهر الحج وحج من عامه ، فلايكون متمتعابالاتفاق سواء ساق الهدى أو لم يسقه لوجود الإلمام الصحيح كذا فى عامة الكتب . (غنية الناسک : (ص: ۲۲۴ ـ ۲۲۶) باب التمتّع ، فصل : فى تصور وجود قران المكى وعدم تصور تمتّعه وتصور كليهما للآفاقى الّذى صار مكيا ، ط:إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۳۷۸) باب القران ، فصل : فى قران المكى ، وأيضًا : (ص: ۳۸۴) باب التمتّع ، فصل : فى شرائط التمتّع وهى أحد عشر ، الحادى عشر : أن يكون آفاقيًا ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)=

☆......جن لوگوں نے حرم یا حل میں وطن اصلی نہیں بنایا صرف ملازمت یا تجارت وغیرہ کے لئے حرم یا حل میں مقیم ہیں، اگر یہ لوگ حج کے مہینے شروع ہونے سے پہلے میقات سے باہر جائیں گے تو واپسی پر افراد یا تمتع یا قران کر سکتے ہیں، اور اگر حج کے مہینے شروع ہونے کے بعد میقات سے باہر جائیں گے تو واپسی پر صرف افراد کر سکتے ہیں، تمتع اور قران نہیں کر سکتے، خواہ ان کا وطن اصلی ہو یا نہ ہو۔(۱)

مکہ والوں کے لئے اشہر حج میں عمرہ کرنا

☆......مکہ والے اور جو شخص مکہ والوں کے حکم میں ہے یعنی میقات کے اندر یا عین میقات پر رہنے والے لوگ یا جو شخص اشہر حج سے پہلے سے مکہ مکرمہ میں مقیم ہے اگر ان لوگوں کا اسی سال حج کرنے کا ارادہ ہے تو اشہر حج (شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ) میں ان کے لیے عمرہ کرنا مکروہ ہے، اور اگر اسی سال حج کرنے کا ارادہ نہیں ہے تو اشہر حج میں عمرہ کرنا مکروہ نہیں ہے۔(۲)

= الفتاوٰی الهندیة : (۱/ ۲۳۹) کتاب المناسک ، الباب السابع فی القران والتمتّع ، ط: رشیدیه .

(۱) وأمّا الآفاقی إذا دخل المیقات أو دخل مکّة بعمرة وحل منها قبل أشهر الحج ، فإن مکث بها حتی دخل أشهر الحج فهو کالمکی بالاتفاق وإن خرج إلی الآفاق قبل أشهر الحج، فکالآفاقی بالاتفاق أو فیها فکالمکی عند أبی حنیفة ، إلّا أن یعود إلی أهلهٖ وکالآفاقی عندهما . (غنیة الناسک : (ص: ۲۲۷) باب التمتّع ، فصل : تصور وجود قران المکی وعدم تصور تمتّعه وتصور کلیهما للآفاقی الّذی صار مکیًّا ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۳۶۴) باب القران : فی شرائط صحة القرآن ، السادس : أن یکون آفاقیًا ولو حکمًا ، وأیضًا فیه : (ص: ۳۸۴) باب التمتّع ، فصل فی شرائطهٖ ، الحادی عشر أن یکون من أهل الآفاق ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

الدر مع الرد : (۲/ ۵۳۹) کتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعید .

(۲) (ویکره فعلها فی أشهر الحج لأهل مکّة ومن بمعناهم) أی من المقیمین ومن فی داخل المیقات ؛ لأنّ الغالب علیهم أن یحجوا فی سنتهم فیکونوا متمتعین وهم عن التمتّع ممنوعون ،=

☆......اسی سال حج کا ارادہ ہوتے ہوئے عمرہ کیا پھر حج کیا تو حدود حرم میں دَمِ جبر دینا لازم ہوگا۔(۱)

مکہ والے احرام کہاں سے باندھیں؟

☆......مکہ والے حج کا احرام حرم کی حدود کے اندر سے باندھیں، اور عمرہ کا احرام حرم کی حدود سے باہر نکل کر ”حل“ میں باندھیں، البتہ عمرہ کا احرام مسجد عائشہ سے باندھنا زیادہ بہتر ہے۔(۲)

= وإلّا فلا منع للمکی عن العمرة المفردة فی أشهر الحج ، إذا لم یحجّ فی تلک السنة ومن خالف فعلیه البیان و اتیان البرهان . (إرشاد الساری : (ص: ۶۵۲) باب العمرة ، فصل : فی وقتها ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

▭ غنیة الناسک : (ص: ۱۹۹) باب العمرة ، وتسمٰی الحج الأصغر ، عمرة المکی فی أشهر الحج ، ط: إدارة القرآن .

▭ الدر مع الرد : (۲/۴۷۳) کتاب الحج ، مطلب : أحکام العمرة ، ط: سعید .

(۱) لاقران لأهل مکّة أی حقیقةً أو حکمًا ولا لأهل المواقیت ...... فمن قرن منهم کان مسیئًا وعلیه دم جبر ...... (إرشاد الساری : (ص: ۳۷۸) باب القران ، فصل : فی قران المکی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

▭ لیس لأهل مکّة وأهل المواقیت ومن بینهاو یین مکّة تمتّع ، فمن تمتّع منهم کان عاصیًا ومسیئًا وعلیه لإسائته دم . (إرشاد الساری : (ص: ۳۸۵ ، ۳۸۶) باب التمتّع ، فصل : فی تمتّع المکی ومن فی معناه ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

▭ غنیة الناسک : (ص: ۲۲۰) باب التمتّع ، فصل ، ط: إدارة القرآن .

▭ والمکی ومن فی حکمهٖ یفرد فقط ، ولو قرن أو تمتّع جاز و أساء وعلیه دم جبر . (الدر مع الرد : (۲/۵۳۹) کتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعید .

(۲) وأمّا میقات أهل الحرم والمراد به کل من کان داخل الحرم سواء کان أهله أو لا ، مقیما به أو مسافرًا فالحرم للحج ، فیحرمون من دورهم ومن المسجد أفضل ، وجاز تاخیره إلی آخر الحرم (طوالع) والحل للعمرة ، والأفضل إحرامها من التنعیم من معتمر عائشة رضی اللّٰه عنها . (غنیة الناسک : (ص: ۵۷ ، ۵۸) باب المواقیت ، فصل : وأما میقات أهل الحرم ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۱۷) باب المواقیت ، فصل : فی میقات أهل الحرم ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

▭ الدر مع الرد : (۲/۴۷۸) کتاب الحج ، مطلب فی المواقیت ، ط: سعید .

☆...... مکہ والے یا جو لوگ میقات کے باہر سے آ کر مکہ مکرمہ میں عمرہ یا حج کے لئے رہائش پذیر ہو گئے ان کے لئے عمرہ کرتے وقت حرم کی حدود سے باہر حل سے احرام باندھنا لازم ہے، اگر ان میں سے کوئی شخص حدود حرم کے اندر اپنے مکان سے احرام باندھ کر عمرہ کرے گا تو حدود حرم میں دم دینا لازم ہوگا۔

☆ مکہ والے حج کا احرم اپنے مکان سے باندھیں گے۔

دونوں میں فرق یہ ہے کہ حج حدود حرم سے باہر عرفات کے میدان میں ہوتا ہے اور عمرہ حدود حرم کے اندر بیت اللہ اور صفا مروہ میں ہوتا ہے، اس لئے حج کا احرام حدود حرم سے باندھ کر باہر جانا ہے، اور عمرہ کا احرام حدود حرم کے باہر سے باندھ کر حرم کے اندر جانا ہے تا کہ سفر کا تحقُّق ہو۔(۱)

مکہ والے تمتع نہ کریں

مکہ میں رہنے والے اور جو لوگ میقات کے اندر حل میں رہتے ہیں، اسی طرح جو شخص اشہر حج سے پہلے سے مکہ میں مقیم ہیں ان کے لئے تمتع کرنا جائز نہیں، صرف حج

---

۱) من مكّة بمكّة مكيا أو افاقيًا فميقاته فى الحج الحرم ...... وميقاته فى العمرة من أدنىٰ الحل ، ولو بأقلّ من خطوة من أىّ جانب شاء ليتحقق وقوع السفر ؛ لأنّ أداء الحج فى عرفة و هى فى الحل ، فيكون الإحرام من الحرم ، وأداء العمرة فى الحرم فيكون الإحرام من الحل ليجمع فى إحرامه بين الحل والحرم إذ هو شرط فى كل إحرام ، فإن أحرم بها فى الحرم انعقد وعليه دم الا ان خرج بعدم إحرامه إليه . (الفقه الاسلامى وأدلّته : (۶۹/۳) الباب الخامس : الحج والعمرة ، الفصل الأوّل ، المبحث الثالث ، المطلب الثانى : ميقات الحج والعمرة المكانى ، ط: دار الفكر بيروت)

